

سابو اور جوجو

ہرمیندر اوہری

Original Story in English **'Saboo and Jojo'** by Herminder Ohri

Illustrations: Herminder Ohri

'Saboo Aur Jojo' — Urdu Translation by Dr. Faiyaz Ahmed

© Pratham Books, 2006

Second Urdu Edition: 2012

ISBN: 978-81-8263-344-5

Typesetting & Layout by:
Pratham Books, New Delhi

Printed by:
Rave India, New Delhi

Published by:
Pratham Books
www.prathambooks.org

Registered Office:
PRATHAM BOOKS
621, 2nd Floor, 5th Main, OMBR Layout
Banaswadi, Bangalore 560 043
T: +91 80 42052574 / 41159009

Regional Office:
New Delhi
T: +91 11 41042483

PRATHAM BOOKS

Some rights reserved. This book is CC-BY-3.0 licensed. Which means you can download this book, remix illustrations and even make a new story - all for free! To know more about this and the full terms of use and attribution visit http://prathambooks.org/cc.

CC BY

سابو اور جوجو

مصنف اور تصویر

ہرمیندر راوہری

اردو ترجمہ

فیاض احمد

دوپہر کو سابو باغیچہ میں اکیلے کھیل رہا تھا۔ اس نے ماں سے پوچھا ”کیا میں ایک چھوٹا سا پلّا پال سکتا ہوں؟“

”نہیں“ ماں نے جواب دیا۔ ”ایک بہت ننھا سا پلّا“ اس نے پھر کہا۔



سابو نے ایک کنکر کو ٹھوکر ماری۔ کنکر لڑھکتا ہوا ایک
درخت کے نزدیک پہنچا۔ درخت کے تنے پر نرم
اور ملائم بال تھے۔ سابو نے جب اسے چھوا اور اوپر
دیکھا، اوپر، اور اوپر کی طرف دیکھا تو اسے دو
آنکھیں نظر آئیں جو اسے دیکھ رہی تھیں۔

''سلام علیکم! تم کون ہو؟'' سابو نے حیرت سے پوچھا۔
''وعلیکم سلام! میں زراف ہوں۔ میرا نام جوجو ہے۔
میں تمہارے ساتھ کھیل سکتا ہوں۔ تم میری پیٹھ پر چڑھ
جاؤ میں تمہیں سیر کرالاتا ہوں''





سابو جوجو کی پیٹھ پر چڑھ گیا اور وہ دونوں سڑک پر چل
پڑے، پھر پہاڑی پر اور اس کے بعد شہر کے بیچوں بیچ۔
سابو خوشی سے چلّایا ''جوجو دائیں مڑو، پھر بائیں اور
پھر دائیں'' اب وہ اپنی دوست
منّی کے گھر پہنچ گئے۔



آج منّی کا جنم دن تھا۔ سابو کو جو جو کی سواری کرتے دیکھ کر سبھی بچوں نے تالیاں بجائیں۔ جو جو نے غبارے لٹکانے میں آنٹی کی مدد کی کیونکہ وہ اتنا... اتنا لمبا تھا کہ یہ کرنا اس کے لئے بہت آسان تھا!



جو جو نے سب بچوں کو سواری کرائی۔
ان کے ساتھ گیند بھی کھیلی۔
سب نے گایا ''ہیپی برتھ ڈے ٹو یو''
آنٹی نے میز پر سموسے، گلاب جامن اور آئس کریم سجائی۔
جو جو کو آئس کریم بہت پسند آئی۔
انکل اس کے لئے ایک بالٹی آئس کریم
لے کر آئے۔ جو جو نے پوری بالٹی ختم کر ڈالی۔
اب گھر جانے کا وقت ہو گیا۔
سب نے کہا ''خدا حافظ جو جو، خدا حافظ سابو''
سابو اور جو جو گھر لوٹے۔
ماں دروازے پر کھڑی تھیں۔

جب انہوں نے سابو کو ژراف کی سواری کرتے دیکھا تو ان کا منہ حیرت
سے کھلا کا کھلا رہ گیا ''سابو میں نے کہا تھا...''
''ماں! آپ نے کہا تھا کوئی ننھا پلاّ نہیں،
یہ تو نہیں کہا تھا کہ لمبا چوڑا ژراف نہیں''

ماں کچھ کہتی اس سے پہلے چڑیا گھر والے
آئے اور جوجو کو واپس لے گئے۔

Read India

بچوں کے درمیان پڑھنے کا ماحول تیار کرنے کے لیے 'پڑھو ہندوستان' کے تحت ملک بھر میں ایک تحریک چلائی گئی۔ اس تحریک کے تحت 2004 میں پرتھم بُکس کی بنیاد پڑی۔ پرتھم بکس ہندوستانی زبانوں میں مناسب قیمت اور اچھے معیار کی بچوں کی کتابیں شائع کرنے والا اشاعتی ادارہ ہے۔ ہمارا مقصد ہے کہ ہر ایک بچے کے ہاتھوں میں کتابیں ہوں اور وہ مزے سے پڑھیں۔

اگر ہمارے اس مقصد میں آپ بھی شامل ہونا چاہتے ہیں تو ہمیں میل کریں www.prathambooks.org

---

ہرمیندر اوہری، علم حیوانات کی پروفیسر ہیں۔ آپ کو لکھنے اور مصوری میں گہری دلچسپی ہے۔ آپ کے پوتوں نے آپ کو بچوں کی کتابوں کا مصنفہ بنا ڈالا ہے۔

جوجو اور سابو کی جوڑی بڑی نرالی ہے

پڑھ کر جاننا - ایک معیار سے دوسرے معیار تک۔ یہ کتاب معیار 2 کی ہے۔

۱

پڑھائی شروع کرنا/زور سے پڑھنا

ایسے چھوٹے بچے جو پڑھنا چاہتے اور کہانی سننا چاہتے ہیں

۲

پڑھ کر جاننا

ایسے بچے جو آسان الفاظ کو پہچانتے ہیں اور کسی کی مدد سے نئے الفاظ پڑھ سکتے ہیں

۳

خود سے پڑھنا

ایسے بچے جو خود سے پڑھ سکتے ہیں

۴

تیزی سے پڑھنا

ایسے بڑے بچے جو اعتماد کے ساتھ پڑھے

PRATHAM BOOKS

پرتھم بکس ہندوستان کی بیشتر زبانوں میں بچوں کی کتابیں شائع کرنے والا غیر منافع بخش اشاعتی ادارہ ہے، جس کا مقصد بچوں میں پڑھائی کے تئیں دلچسپی پیدا کرنا ہے۔

www.prathambooks.org

Saboo and Jojo
(Urdu)
MRP: ₹ 25.00

ISBN 978-81-8263-344-5

9 788182 633445